Rampur State Gazette.

{EXTRAORDINARY.}

غیر معمولی گزٹ ریاست رامپور

نمبر ۳۷	بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم	جلد ۴۲

مطبوعہ روز شنبہ تاریخ یکم ربیع الثانی سنہ ۱۳۴۹ ہجری مطابق ۲۶ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت رہائی واجد الدین خان قیدی	۱
۲	معافی مطالبہ خانساماں صاحبان	۱ و ۲
۳	معافی مطالبہ ٹھیکہ داران	۲
۴	رہائی سات اہم قیدیان	۲
۵	اسپیچ اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم	

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۶ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بتقریب جشن سعید تاجپوشی۔ ماہ دولت و اقبال بنظر ترحم خسروانہ واجد الدین خان قیدی ولد ضیاء الدین خان کو جو ابھی تخمیناً دو ماہ قید باقی رہی ہے، قید سے رہا کیا جانا منظور فرماتے ہین۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض کارروائی مصرحہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بنفاذ حکم بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم واجد الدین خان ولد ضیاء الدین خان قیدی جیل سے رہا کیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل حکم بتوسط صاحب ہوم منسٹر بہادر سپرنٹنڈنٹ صاحب جیل کے پاس تعمیل کے لئے مرسل ہو۔ ۲۶ اگست سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط فارسی صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۶ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بتقریب سعید جشن تاجپوشی۔ ماہ دولت و اقبال بنظر مراحم خسروانہ وعدہ شاہانہ ابو الحسن خانساماں

وزیر حسن خانساماں۔ منظور حسین خانساماں کا ذمگی مطالبہ متاجری لغایتہ ۱۳۴۲ ف جسکی تعداد مجموعی تخمیناً [illegible] ہے بلا شرکت غیری ہوتی ہے معاف فرماتے ہیں۔ کاغذات سے اس مطالبہ کو خارج کیا جائے۔

اور موضع ڈھکیا حاجی نگر پرگنہ حضور تحصیل جمع تشخیصی سے تین ہزار چھ سو روپیہ سالانہ چھوڑ کر بمعافی نذرانہ ستاجری میں عطا فرماتے ہیں۔ تین خانساماں ہیں ہر خانساماں کو ایکسو مایانہ کی تخفیف جمع تشخیصی سے ملیگی۔ عام طور سے جو مدت دیگر مواضعات متاجری کی قائم ہوئی ہے وہی مدت اس موضع کی ستاجری کی قائم کیجائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض کارروائی معروضہ بالا واجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

حسب الحکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو۔ ۲۶ راگست سنہ ۱۹۳۲ء

دستخط فارصاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۲۶ راگست سنہ ۱۹۳۲ء

دستخط اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

سل کاغذات مطالبہ بقایا صیغہ مال وغیرہ منقرون ملاحظہ ہوئے۔ مستاجران وٹھیکیداران کے ذمہ لغایتہ ۱۳۴۱ ف کثیر مطالبہ تعدادی [illegible] بموجب گوشوارہ عا وعا مشمولہ کاغذات مرتبہ سررشتہ داخل بقیوں کی صدر تحصیل طلب باقی ہے۔ صیغہ مال و نیز دیگر صیغہ جات کی یہ فروگذاشت ہے کہ وقت پر جبکہ تھوڑا تھوڑا مطالبہ باقیداران کے ذمہ عائد ہوا کیوں اسکی تحصیل نہ کی یہاں تک کہ بامتداد زمانہ خفیف خفیف مطالبہ ہر باقیدار کے ذمہ بڑھکر ایک معتدبہ تعداد ہوگئی۔ اب اگر باقیداران کی نیلام جائداد سے مطالبہ وصول کیا جائے تو وہ بے خانماں اور پریشان حال ہو جائیں گے لہذا بدولت واقبال بنظر رعایا پروری ومراحم خسروانہ بموقع جشن تاج پوشی مطالبہ بقایا لغایتہ ۱۳۴۲ ف تعدادی [illegible] معاف فرماتے ہیں کاغذات سے اس مطالبہ کو خارج کیا جائے۔

مطالبہ حال سنہ ۱۳۴۲ ف کی بابت قبل ازیں علحدہ حکم ہو چکا ہے اس کی پابندی کی جائے اور جلد وصول کیا جائے۔ آیندہ کے لئے جملہ اہلکاران صیغہ مال ودیگر صیغہ جات اور بالخصوص صاحب چیف منسٹر بہادر۔ صاحب فائنینشل منسٹر بہادر۔ صاحب ریونیو منسٹر بہادر اسکے ذمہ دار ہیں کہ سال وار مطالبہ وصول ہوتا ہے باقی نہ گرنے پائے جب کسی مستاجر وغیرہ کے ذمہ کسی سال کا مطالبہ باقی رہجائے فوراً نیلام جائداد مکفولہ سے مطالبہ بیباق کیا جائے اور موضع وغیرہ کا بندوبست ثانی کیا جائے۔

اس موقع پر اس امر کا اظہار بھی مناسب ہے کہ مستاجران کے ساتھ اسوقت جو مراعات کی گئی ہے اس کی نظیر غالباً زمانہ ماضیہ میں نہ ملے گی۔ جملہ مستاجران ایک بار عظیم سے سبکدوش ہوگئے۔ برائے آیندہ مستاجران کو لازم ہے کہ :-

(۱) خوش دہندہ رہیں۔ موضع سے جو رقم وصول ہو فوراً قسط سرکار داخل کریں جب قسط بیباق ہو جائے تو بقیہ روپیہ کو زرمنافع تصور کریں۔ اس صورت میں کبھی وہ زیر بار مطالبہ نہ ہوں گے۔

(۲) کاشتکاران سے بحسن سلوک پیش آئیں۔ جبر و تعدی اُن کے ساتھ روا نہ رکھیں۔

(۳) کوئی رقم ناجائز اُن سے وصول نہ کریں۔

جبکہ یہ ظاہر ہو کہ کاشتکار امن پاکر بہ محنت ودلچسپی کاروبار زراعت کریں گے اسکا لازمی نتیجہ خوشحالی ہے جس کے ساتھ مستاجر کا فائدہ وابستہ ہے۔

توقع کی جاتی ہے کہ شریف رعایا مستاجر اس خسروانہ مرحمت کی قدر کرے گی اور معروضہ بالا احکام پر بہ استحکام عمل پیرا ہوگی۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض اجرائے احکام صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔ یک نقل درج گزٹ کی جائے۔

نوٹ

[illegible] کی رقم بصیغہ بقایا ۳۰ جون سنہ ۱۹۳۲ء ہے تاریخ مذکورہ کے بعد سے اب تک جو کچھ وصول وغیرہ ہوکر باقی مطالبہ رہا ہو اس کی معافی واخراج کا عملدرآمد حسب منشاء روبکار ہذا کیا جائے۔

حسب الحکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور درج گزٹ ہو ۲۶ راگست سنہ ۱۹۳۲ء

دستخط فارصاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۶ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بتقریب سعید جشن تاجپوشی ۔ ابد دولت واقبال سات قیدیون کو قید سے رہا کیا جانا منظور فرماتے ہین ۔ فہرست اسمائے قیدیان منسلکہ ہذا ہے ۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا بغرض کارروائی رہائی قیدیان معرضہ بالا صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے ۔

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

بتقریب جشن تاجپوشی بمنشائے حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم سات کس قیدیان مندرجہ فہرست جیل سے رہا کئے جائین ۔ ایک نقل درج گزٹ ہو ۔ اصل کاغذات بتوسط صاحب ہوم منسٹر بہادر سپرنٹنڈنٹ صاحب جیل کے پاس بغرض تعمیل مرسل ہون ۔

۲۶ اگست سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط خاص صاحب چیف منسٹر بہادر

فہرست قیدیان

نمبر شمار	نام قیدی معہ ولدیت	جرم	تاریخ قید	تعداد سزا	تاریخ رہائی	نام عدالت سزا دہندہ	بقیہ میعاد قید از ۳۰ اگست سنہ ۳۰ء و لغایۃ تاریخ رہائی	کیفیت
۱	طوٗ سنگھ ولد چھوٹے سنگھ ٹھاکر	ڈکیتی دفعہ ۳۹۵ تعزیرات ہند	۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۶ء	پانچسال قید سخت	۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء	عدالت سیشن	ایک ماہ	بحصول نیک چلنی ۱ ماہ ۲۰ یوم ایام قید میں صرف ایک سزا معمولی پائی ہے۔
۲	سعادت علی ولد سعادت علی سقا	دفعہ قانون مسکرات	۲۷ مارچ سنہ ۱۹۳۰ء	چھماہ قید سخت اور ۵۰ روپیہ جرمانہ ورنہ ڈیڑھ ماہ قید سخت	۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۳۰ء	عدالت آبکاری	ایک ماہ ۱۴ یوم	جرمانہ داخل ہوگیا لہذا میعاد قید ٹکٹ صاف ہے کوئی سزا نہیں پائی۔
۳	محمد حسین ولد عباس میراثی	دفعہ ۴۱۹ فریب	۰ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء	ایکسال قید سخت	۱۰ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء	عدالت اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول	ایکماہ ۱۰ یوم	بحصول نیک چلنی ۲۷ یوم ٹکٹ صاف ہے کوئی سزا نہیں پائی۔
۴	جمعہ ولد کلو تیلی	دفعہ ۴۵۷/۳۸۰ نقب زنی مال مسروقہ	۹ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء	ایضاً	۱۲ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء	عدالت تحصیل شاہ آباد	ایک ماہ ۱۹ یوم	بحصول نیک چلنی ۲۷ یوم ٹکٹ صاف ہے کوئی سزا نہیں پائی
۵	سونا ولد میرے خاکروب	دفعہ ۴۵۷ نقب زنی	۶ جون سنہ ۱۹۳۰ء	چارماہ قید سخت	۱۷ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء	عدالت تحصیل بلاسپور	ایک ماہ ۲۲ یوم	بلیرو میعاد قید ٹکٹ صاف ہے کوئی سزا نہیں پائی۔
۶	چھوٹے ولد شاہ محمد ترک	دفعہ ۳۸۰ سرقہ	۱۰ جولائی سنہ ۱۹۳۰ء	ایضاً	۱۰ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء	ایضاً	ایک ماہ ۱۵ یوم	بتشریح صدر
۷	مسماۃ گوہر بیگم بنت سخاوت حسین سید	دفعہ ۳۲۴ ضرب شدید	۹ نومبر سنہ ۱۹۲۹ء	ایکسال قید سخت اور ۵۰ روپیہ جرمانہ ورنہ ایکماہ قید سخت	۲۳ اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء	عدالت ضلع	ایک ماہ ۹ یوم	جرمانہ داخل ہوگیا بحصول نیک چلنی ۲۷ یوم ٹکٹ صاف کوئی سزا نہیں پائی۔

مطبوعہ سرکاری پریس رامپور